F. 6-4 (Edit) /2019 NCPUL Press release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

National Council for Promotion of Urdu Language

Ministry of Human Resource Development
Government of India

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

فروغ اردو بھون

Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated:09/05/2019

ثنا نیاز کی کامیابی اردو کے حوالے سے منفی سوچ رکھنے والوں کے لیے ایک پیغام: ڈاکٹر عقیل احمد

کونسل کے صدر دفتر میں ثنا نیاز کی نمایاں کارکردگی پر استقبالیہ تقریب کا انعقاد

نئی دہلی: قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان کے صدر دفتر میں سرود یہ کنیا ودیالیہ -2 جامع مسجد سے 97.06 فیصد نمبر حاصل کر کے سی بی ایس ای (CBSE) ٹاپرس میں تیسرا مقام اور دہلی میں اول مقام حاصل کرنے والی طالبہ ثنا نیاز کے اعزاز میں ایک استقبالیہ تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ کونسل کے ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے ثنا نیاز کو گلدستہ پیش کر کے استقبال کیا اور کونسل سے شائع ہونے والی کتابیں اور رسائل و جرائد بھی دیے۔ اس موقع پر انھوں نے کہا کہ اردو کے حوالے سے منفی سوچ رکھنے والے کے لیے ایک پیغام ہے۔ ہمیں اپنے بچوں کو اپنی مادری زبان میں تعلیم دلانا چاہیے انھیں نے مزید کہا کہ اردو زبان میں اتنی قوت ہے کہ تمام سائنسی اور سماجی علوم پر عبور حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اردو میڈیم سے نمایاں کامیابی حاصل کرنے والی ثنا نیاز نے غیر معمولی کارکردگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اعلیٰ نمبرات سے کامیابی حاصل کی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ اکثر والدین اپنے بچوں کو ترجیحی طور پر انگریزی میڈیم سے تعلیم دلانے میں فخر محسوس کرتے ہیں اور اردو کو نظر انداز کرتے ہیں۔ ثنا نیاز کی یہ کامیابی ایسے والدین کے لیے ایک سبق ہے۔ ثنا نیاز کی اس کامیابی سے نہ صرف اردو دنیا بلکہ کونسل کو بھی فخر ہے۔ ثنا نیاز نے انگریزی میں 96 فیصد، اردو میں 98 فیصد، تواریخ میں 100 فیصد، سیاسیات میں 96 فیصد، ہوم سائنس میں 98 فیصد اور سماجی علوم میں 98 فیصد نمبر حاصل کیے۔

اس موقعے پر ثنا نیاز نے اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ شروع سے یہ میرا موقف رہا ہے کہ میں اردو میڈیم سے تعلیم حاصل کروں اور اعلیٰ نمبر حاصل کر کے اس تصور کو توڑوں کہ اردو میڈیم سے تعلیم حاصل کر کے بھی اعلیٰ مقام نہیں حاصل کیا جا سکتا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ میں آگے چل کر آئی اے ایس (IAS) افسر بننا چاہتی ہوں اور انشاء اللہ یہ کامیابی اردو زبان و ادب کے ساتھ ہی حاصل کروں گی۔ ثنا نیاز نے اس بات کا اعتراف کیا کہ اردو میڈیم سے پڑھنے والے طالب علموں کو کئی مراحل پر مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ سپورٹ میٹریل کی عدم موجودگی اور دیگر کتابوں کا اردو میڈیم میں نہ ملنا جیسے مسائل قابل ذکر ہیں۔

میٹنگ میں اسسٹنٹ ڈائرکٹر جناب کمل سنگھ (انتظامیہ)، ڈاکٹر شمع کوثر یزدانی (اکیڈمک) اور باہر سے تشریف لائے جناب شباہت حسین، پروفیسر مشاہد رضوی اور عارف حسین کاظمی کے علاوہ کونسل کے دیگر اسٹاف موجود تھے۔

(رابطہ عامہ سیل)